## اے پی ایم ایس او کا 32واں یوم تاسیس ملک سے کرپشن، مذہبی انتہاء پسندی اور فرسودہ جاگیردارنہ نظام کے خاتمے کا آغاز ہے

## ظلم کے تاریک اور بھیک مانگنے کے دور کا خاتمہ ہونے والا ہے۔الطاف حسین

## ایماندار و بہادر جج صاحبان جرات اور ہمت کے ساتھ فیصلے کریں پوری قوم ان کے شانہ بشانہ ہے۔الطاف حسین

## نائن زیرو پر یوم تاسیس کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔10جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ غریب متوسط طبقے کا انقلاب ملک کا مقدر بن چکا ہے، ایم کیو ایم کی حکومت آئی تو غریب عوام کے بجائے جاگیرداروں اور وڈیروں پر ٹیکس لگے گا۔ظلم کے تاریک اور بھیک مانگنے کے دور کا خاتمہ ہونے والا ہے اور ملک بھر کے عوام ملکر پاکستان کو اس کے پیروں پر کھڑا کرکے بھیک کا کشکول توڑ دیں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کی شب اپنی رہائش گاہ پر اے پی ایم ایس او کے کارکنان کے ایک بڑے اجتماع سے ٹیلی فون پر خطاب کرتے ہوئے کہی جو انہیں یوم تاسیس کی مبارکباد دینے کیلئے نائن زیرو عزیز آباد میں جمع ہوئے تھے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے اے پی ایم ایس او اور ایم کیو ایم کے کارکنان کو یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے 32ویں یوم تاسیس کے آغاز کے ساتھ ہی غریب متوسط طبقے کا انقلاب اس ملک کا مقدر بن چکا ہے، اس جدوجہد کے طویل عرصے میں اے پی ایم ایس او نے ایم کیو ایم کو جنم دیا۔انہوں نے کہا کہ 11 جون 1978ء کو جامعہ کراچی سے جس سفر کا آغاز ہوا تھا آج حق پرستی کے اس پیغام کو شروع ہوئے نہ صرف 32 سال گزر چکے ہیں بلکہ جامعہ کراچی سے اٹھنے والی حق پرستی کی آواز کی گونج پورے پاکستان کے چپے چپے میں سنائی دے رہی ہے۔ 11 جون 1978ء سے لیکر آج کے دن تک حق پرستی کی تحریک بڑی کٹھن آزمائشوں، قربانیوں کے مراحل، آگ اور خون کے دریا عبور کرنے اور پندرہ ہزار سے زائد ساتھیوں کی جانوں کا نذانہ پیش کرتے ہوئے یہاں تک پہنچی ہے۔آج کے دن ہم حق پرستی کی جدوجہد میں قربانیاں دینے والے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست شہداء کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے 32ویں یوم تاسیس کے موقع پر تحریک کے ایک ایک سچے اور مخلص ساتھی کا یہ عہد ہے کہ وہ اپنے شہیدوں کے مقدس خون کو رائیگاں نہیں جانے دے گا۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے 32ویں یوم تاسیس کے آغاز کے موقع پر، میں ملک بھر عوام کو بتانا چاہتا ہوں کہ عوامی انقلاب اس ملک کا مقدر بن چکا ہے اور اے پی ایم ایس او کا 32واں یوم تاسیس ملک سے کرپشن، مذہبی انتہاء پسندی اور فرسودہ جاگیردارنہ نظام کے خاتمے کا آغاز ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی عدالتیں حق پرستانہ کردار ادا کررہی ہے اور میں ایماندار ججوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں کہا کہ پاکستان کی چھوٹی بڑی عدالتوں کے ایماندار و بہادر جج صاحبان جرات اور ہمت کے ساتھ فیصلے کریں پوری قوم ان کے شانہ بشانہ ہوگی۔انہوں نے کہا کہ آج کا دن نہ صرف عوامی انقلاب کا آغاز ہے بلکہ قومی بنکوں سے قرضہ لیکر ہڑپ کرکے ملک اور بیرون ملک جائیدادیں بنانے والوں کے بھاگنے کا بھی آغاز ہے۔غریب ہاریوں، کسانوں پر ظلم کرنے اور ان کی خواتین کو درندگی کا نشانہ بنانے والوں کے ظلم کے خاتمے کا بھی آغاز ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک مرتبہ پھر کراچی میں شیعہ سنی فسادات کرانے کی سازشیں کی جارہی ہیں لہٰذا حق پرست عوام ماضی کی طرح اتحاد کا مظاہرہ کرکے شیعہ سنی فسادات کی سازشوں سے نہ صرف ہوشیار رہیں بلکہ اپنے اتحاد سے ان سازشوں کو ناکام بنادیں، شیعہ سنی عوام صبر کا مظاہرہ کریں اور کسی بھی اشتعال انگیزی پر ہرگز مشتعل نہ ہوں۔ جناب الطاف حسین نے کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کے تحت بے گناہ شہریوں کے قتل کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور تمام مکاتب فکر کے عوام بالخصوص علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے اپنا اپنا کردار ادا کریں۔ جناب الطاف حسین نے سچ کو سچ اور جھوٹ کو جھوٹ لکھنے والے حق پرست صحافیوں، کالم نویسوں اور اینکر پرسن کو بھی دل کی گہرائی سے خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے ایم کیو ایم اور اے پی ایم ایس او کے کارکنان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہر قسم کی سماجی برائیوں سے خود کو دور رکھیں، علم کی روشنی سے اپنے ذہنوں کو روشن کریں اور دل لگا کر علم حاصل کریں کیونکہ ہم سب کو مل کر ملک کی دولت لوٹنے والوں اور قومی خزانہ خالی کرنے والوں کو ملک کے چپے چپے لٹکانا ہے۔انہوں نے کہا کہ میں یوم تاسیس کے موقع پر ملک بھر کے غریب متوسط طبقے کی عوام کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ جب ایم کیو ایم کی حکومت آئے گی تو غریب عوام کے بجائے جاگیرداروں اور وڈیروں پر ٹیکس لگایا جائے گا۔اب ظلم کے تاریک اور بھیک مانگنے کے دور کا خاتمہ ہونے والا ہے اور ملک بھر کے عوام ملکر پاکستان کو اس کے پیروں پر کھڑا کرکے بھیک کا کشکول توڑ دیں گے۔انہوں نے کہا کہ میں اے پی ایم ایس او کے 32ویں یوم تاسیس کے آغاز پر الیکٹرونک و پرنٹ میڈیا کے انیکر پرسن، رپورٹر، صحافی حضرات اور تجزیہ نگاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں جو سچ کو سچ اور جھوٹ کو جھوٹ کہہ رہے ہیں اور لکھ رہے ہیں۔انہوں کہا کہ میں ملک بھر کے تمام عوام خواہ وہ کسی بھی علاقے یا صوبے سے تعلق رکھتے ہوں چاہے اور وہ کسی بھی زبان، ثقافت، رنگ و نسل سے تعلق رکھتے ہوں اور ملک میں رہنے والی تمام مذہبی اقلتیوں کو اے پی ایم ایس او کے 32ویں یوم تاسیس کے آغاز پر مبارکباد دینے کے بعد یقین دلاتا ہوں کہ وہ وقت آنے والا ہے کہ جب سب کے ساتھ

انصاف ہوگا اور انصاف ان کے در پر دستک دے گا اور ظلم کرنے والے ظالموں کو ایک ایک ظلم کا حساب دینا ہوگا اس کے بعد کسی بھی ظالم کو ظلم کرنے کی ہمت نہیں ہوگی۔

**انصاف ہوگا اور انصاف ان کے در پر دستک دے گا اور ظلم کرنے والے ظالموں کو ایک ایک ظلم کا حساب دینا ہوگا**
**اس کے بعد کسی بھی ظالم کو ظلم کرنے کی ہمت نہیں ہوگی۔**

## ملک بھر میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عوام میں شعوری بیداری پھیل رہی ہے، الطاف حسین
## کامل یقین ہے کہ حق پرستی کی یہ جدوجہد بہت جلد کامیابی سے ہمکنار ہوگی
## اے پی ایم ایس او کے 32ویں یوم تاسیس کے موقع پر پیغام

لندن۔۔۔10، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ملک بھر میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عوام میں شعوری بیداری پھیل رہی ہے ہمیں کامل یقین ہے کہ حق پرستی کی یہ جدوجہد بہت جلد کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔ اے اپی ایم ایس او کے 32ویں یوم تاسیس کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اے پی ایم ایس او ایک روایت شکن طلباء تنظیم ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے عوامی تحریک ایم کیوایم کو جنم دیا اور پاکستان کی سیاسی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت متعارف کرائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے قیام کے ساتھ ہی فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اور غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کی جدوجہد شروع کردی گئی تھی اور آج اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ملک بھر کے عوام میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف شعوری بیداری پائی جاتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام تر مصائب ومشکلات کے باوجود حق پرستی کی جدوجہد جاری ہے اور ہمیں کامل یقین ہے کہ حق پرستی کی یہ جدوجہد بہت جلد کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اور اے پی ایم ایس او کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں کو اے پی ایم ایس او کے 32ویں یوم تاسیس کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں کی بدولت آج ایم کیوایم کا پیغام ملک بھر کے مظلوم عوام کے دلوں کی دھڑکن بن رہا ہے اور پاکستان کی تمام قومیتوں، مسالک اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ حق پرستی کی جدوجہد میں جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے شہداء اور لاپتہ ساتھیوں کی قربانیوں کو ہرگز فراموش نہ کریں، شہداء اور لاپتہ ساتھیوں کے اہل خانہ کی خبر گیری کریں اور حق پرستی کے فکر وفلسفہ کے فروغ کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔

## بلدیہ ٹاؤن کے علاقے نیول کالونی میں بم دھماکے کا فوری نوٹس لیا جائے، الطاف حسین
## بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں

لندن۔۔۔۔10/جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بلدیہ ٹاؤن کے علاقے نیول کالونی کے قریب بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکہ میں ایک شخص کی ہلاکت اور متعدد شہریوں کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے نیول کالونی میں بم دھماکے کو کھلی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے کہا کہ بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں اور یہ دہشت گرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ بلدیہ ٹاؤن کے علاقے نیول کالونی میں بم دھماکے کا فوری نوٹس لیا جائے اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کے لئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکہ میں جاں بحق ہونے والے شخص کے سوگوار لواحقین سے دلی افسوس کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحتیابی کی دعا بھی کی۔

## اے پی ایم ایس او کا 32 واں یوم تاسیس کل بروز جمعہ ملک بھر میں منایا جائیگا
## پاکستان کے 30 مقامات پر کارکنان کے اجتماعات منعقد ہونگے، مرکزی اجتماع لال قلعہ گراؤنڈ میں ہوگا
## الطاف حسین یوم تاسیس کے اجتماعات سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔10، جون 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن (APMSO) کا 32 واں یوم تاسیس کل بروز جمعہ کو ملک بھر میں جوش وخروش سے منایا جائے گا اس سلسلے میں صوبہ سندھ، صوبہ پنجاب، صوبہ بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں کارکنان کے اجتماعات منعقد ہوں گے جن سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ یوم تاسیس کا مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد کراچی میں ہوگا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، اے پی ایم ایس او کی مرکزی کمیٹی، حق پرست نمائندگان، ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات کے ذمہ داران، سیکٹروں کے ذمہ داران اور کارکنان شرکت کریں گے۔ دریں اثناء اے پی ایم ایس او کے 32 ویں یوم تاسیس کے موقع پر ملک بھر میں ایم کیوایم کے کارکنان میں زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آرہا ہے اور ملک کے مختلف شہروں اور تعلیمی اداروں میں یوم تاسیس کی تقریبات کے سلسلے میں انتظامات کئے جارہے ہیں۔ یوم تاسیس کے موقع پر اے پی ایم ایس او کی جانب سے مجلّہ نقیب، پوسٹر اور تنظیمی ترانوں کی سی ڈی کا اجراء کیا جائیگا۔ واضح رہے کہ 11 جون 1978ء کو جامعہ کراچی میں قائد تحریک جناب الطاف حسین نے طلبہ تنظیم اے پی ایم ایس او کی بنیاد رکھی تھی جس کے بطن سے ایم کیوایم نے جنم لیا جو کہ دنیا بھر میں پاکستان کی تیسری سندھ کی دوسری بڑی سیاسی قوت کے طور پر جانی جاتی ہے۔

## ملتان پریس کلب کے ارکان اور دیگر صحافیوں کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات
## ایم کیوایم کے شعبہ جات، خدمت خلق فاؤنڈیشن، نذیر حسین اسپتال، سن اکیڈمی کا دورہ

کراچی۔۔۔10 جون 2010ء

ان دنوں کراچی کے دورے پر آئے ہوئے اراکین ملتان پریس کلب اور دیگر ٹی وی نیوز چینلز، اخبارات اور مختلف خبررساں اداروں کے سینئر صحافیوں، رپورٹرز، فوٹو گرافرز اور نمائندگان نے جمعرات کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی ارکان رابطہ کمیٹی سے ملاقات کی۔ اس سے قبل معزز مہمان جب وہاں پہنچے تو خورشید بیگم میموریل ہال کے صدر دروازے پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس قائم خانی اور دیگر اراکین رابطہ کمیٹی محترمہ نسرین جلیل، ڈاکٹر صغیر احمد اور توصیف خانزادہ اور مرکزی شعبہ اطلاعات کے ارکان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ یہ صحافی کچھ دیر تک اراکین رابطہ کمیٹی کے ہمراہ رہے اور باہمی دلچسپی کے امور کے علاوہ ملک کی تازہ ترین سیاسی وامن وامان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور انہوں نے ایم کیوایم کے رہنماؤں سے ایم کیوایم کے نظم وضبط، اس کی فلاسفی، سیاسی وژن اور تنظیمی کے طریقہ کار سے آگاہی حاصل کی اور اس حوالے سے سوالوں وجواب کیے۔ ان صحافیوں نے ایم کیوایم کے نظم وضبط اور سیاسی وفلاحی سرگرمیوں پر خوشگوار حیرت کا اظہار کیا اور اس امر کا برملا اعتراف کیا کہ ملک کی کسی بھی سیاسی ومذہبی جماعت میں نہ تو ایسا نظم وضبط موجود ہے اور نہ ہی ان جماعتوں کے کارکنان اپنی فکر، مقصد اور مشن میں سنجیدہ نظر آتے ہیں۔ بعد ازاں ان صحافیوں نے خورشید بیگم میموریل ہال میں واقع متحدہ قومی موومنٹ کے مختلف شعبہ جات کا بھی دورہ کیا اور اس حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ اس سے قبل ان صحافیوں نے اپنے دورے کا آغاز ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے کیا جہاں ارکان رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری، کنور نوید جمیل، اشفاق منگی، افتخار اکبر رندھاوا، سیف یار خان اور حق پرست وزراء شیخ محمد افضل (خالد عمر) اور خواجہ اظہار الحسن کی موجودگی میں کے کے ایف کے ایڈمنسٹریٹر سلیم انصاری نے مہمانوں کو بریفنگ دی، یہاں انہیں کے کے ایف کی خدمات اور تفصیلات پر مشتمل سوئیر پیش کیا گیا اس موقع پر انہوں نے نذیر حسین اسپتال کا بھی دورہ کیا اور پیتھالوجیکل لیبارٹری، مردانہ وزنانہ وارڈ، آپریشن تھیٹر، شعبہ ایمرجنسی، وائرلیس روم اور قائد تحریک الطاف حسین کے زیر استعمال ہنڈا 50 موٹرسائیکل اور دیگر گاڑیوں کا معائنہ کیا۔ اس کے بعد ان صحافیوں کو ایم کیوایم فلاحی تعلیمی ادارے سن اکیڈمی کا بھی دورہ بھی کرایا گیا جہاں اکیڈمی کے ایڈمنسٹریٹر اقبال احمد نے انہیں بریفنگ دی یہ صحافی زیر تعمیر نذیر حسین میڈیکل یونیورسٹی بھی گئے جہاں سید شعیب احمد بخاری نے یونیورسٹی کے تعمیری اور تعلیمی حوالے سے بریفنگ دی۔ ان صحافیوں نے قائد تحریک الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو اور ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات اور اس کے ذیلی شعبوں نیوز روم، فوٹو، ویڈیو سیکشن اور کمیونی کیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ کا معائنہ کیا۔ معزز مہمانوں نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن، ایم کیوایم کے تعلیمی منصوبے سن اکیڈمی، نذیر حسین میڈیکل یونیورسٹی، نذیر حسین اسپتال، ناصر حسین وعارف حسین لائبریری، کے کے ایف

ڈزآسٹر مینجمنٹ سیل اورعوامی مسائل کمیٹی سمیت ایم کیوایم کے دیگرفلاحی منصوبوں اورخدمات کی شاندارالفاظ میں تعریف کی اورسیاسی ونجی شعبہ میں کسی بھی اتنی عوامی وفلاحی خدمات کوایک ناقابل یقین حقیقت قراردیا۔

## ایم کیوایم کے جوائنٹ یونٹ انچارج یونس کھوکھر کی شہادت پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔10 جون 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 106 کے جوائنٹ یونٹ انچارج یونس کھوکھر کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین) جناب الطاف حسین نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے ہمدرد دانش جاوید کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے جوائنٹ یونٹ انچارج یونس کھوکھر کوشہید
## شاہ فیصل کالونی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ یونس کھوکھر اورہمدرددانش جاویدکوزخمی کردیا تھا
## یونس کھوکھر کا بہیمانہ قتل شہر کا امن خراب کرنے کی سازش ہے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔10 جون 2010ء

شاہ فیصل کالونی میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے جوائنٹ یونٹ انچارج یونس کھوکھر کوشہید کردیا۔دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے ہمدرددانش جاوید شدید زخمی ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق بدھ کے روز ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 106 کے جوائنٹ انچارج ریتۂ پلاٹ میں واقع قائد چوک کے قریب ساتھیوں کے ہمراہ کھڑے تھے کہ مسلح دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کردی جسکے نتیجے میں یونس کھوکھر کے پیٹ اورسر میں گولیاں لگیں جبکہ ایم کیوایم کے ہمدرددانش جاوید گردن میں گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگئے۔زخمیوں کوفوری طور پرعباسی شہید اسپتال پہنچایا گیا جہاں انہیں طبی امدادفراہم کی جارہی تھی تاہم ڈاکٹروں کی تمام ترکوششوں کے باوجود یونس کھوکھر جانبر نہ ہوسکے اورجمعرات کے روز اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے دانش جاوید کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔39 سالہ یونس کھوکھر شہید ولدعمر دین کھوکھر شادی شدہ تھے۔شہید کے پسماندگان میں بیوہ،ایک بیٹی اوردو بیٹے شامل ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے شاہ فیصل کالونی میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم یونٹ 106 کے جوائنٹ یونٹ انچارج یونس کھوکھر کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوردہشت گردی کے واقعہ کوشہر کا امن تباہ کرنے کی سازش قراردیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض عناصر اپنے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کیلئے ایم کیوایم کے کارکنان کودہشت گردی کا نشانہ بنا کر پرامن عوام کو مشتعل کرنا چاہتے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے کارکنان وعوام سے کہا کہ وہ دہشت گردی کے واقعات پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہ کر کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش کوناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباد،وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ یونس کھوکھر شہید کے قاتلوں کوگرفتار کیا جائے اورکراچی کا امن خراب کرنے کی سازش میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی کی جائے۔رابطہ کمیٹی نے یونس کھوکھر شہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پررابطہ کمیٹی نے سلیم صدیقی اورشیخ شاکر قریشی کو
## تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا

کراچی۔10 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اورغیر تنظیمی سرگرمیوں کی بنا پر ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 101 کے کارکن شیخ شاکر قریشی ولدمحمد صابر اورقصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے جوائنٹ یونٹ انچارج سلیم صدیقی ولدمحمد حکیم صدیقی کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان سے کہا کہ مذکورہ بالاافراد سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم ملتان زون کے کارکن شمشاد جعفری کے بھائی مدثر جعفری
## اور بھتیجے مبشر جعفری کی ٹریفک حادثے میں ہلاکت پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔10 جون 2010ء

ایم کیوایم پنجاب ملتان زون کے کارکن ومعروف صنعتکار شمشاد جعفری کے چھوٹے بھائی سید مدثر جعفری گزشتہ دنوں ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہونے کے بعد بدھ کی شب انتقال کر گئے جبکہ حادثے میں ان کے صاحبزادے سید مبشر جعفری موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے تھے۔سید مدثر جعفری لاہور کے نجی اسپتال میں گزشتہ کئی روز سے زیر علاج تھے کہ بدھ کی شب ان کی حالت خراب ہوگئی اوروہ اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے پنجاب کے شہر ساہیوال کے قریب ٹریفک حادثے میں ایم کیوایم پنجاب ملتان زون کے کارکن شمشاد جعفری کے چھوٹے بھائی مدثر جعفری اور بھتیجے مبشر جعفری کی ہلاکت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے شمشاد جعفری سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سید مدثر جعفری اور مبشر جعفری کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون یونٹ B-2 کے کارکن محمد علی شاہ کی والدہ محترمہ جمعرت بی بی،ایم کیوایم لائیز ایریا سیکٹر یونٹ 196 کے کارکن جمشید علی وارثی کے والد معصوم علی وارثی ،ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 73 کے کارکن شبیر خان کے والد محفوظ خان اورایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یوسی 5 کے کارکنان محمد ادریس شیخ اورمحمد رئیس شیخ کی والدہ نیّر جہاں کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## اے این این نیوز ایجنسی کے چیف رپورٹر موسیٰ رضا کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10 جون 2010ء

متحدہ قومی مومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اے این این نیوز ایجنسی کے چیف رپورٹر موسیٰ رضا کے بھائی محمد رضا کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اورلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆